**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 24 March 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۴/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ عام انتخابات کے پیشِ نظر ریاست میں گزشتہ ہفتے بھر میں ایک لاکھ 84/ ہزار نئے رائے دہندگان کے ناموں کا اندراج ‘ ساتھ ہی 13/ ہزار سے زائد افراد پر پابندیاں عائد کرنے کی کارروائی

☆ ونچت بہوجن آگھاڑی کی جانب سے کولہاپور حلقے کے لیے چھترپتی شاہومہاراج کی حمایت کا اعلان ‘ آئندہ کا موقف 26/ تاریخ کے بعد واضح کرنے کا اعلان

☆ ہولی اور دھولی وندن تہوار کے لیے بازار سج گئے

اور

☆ ناندیڑ کے پرساد میڈیکل فاؤنڈیشن کے مختلف انعامات کی تقسیم

اب خبریں تفصیل سے...

لوک سبھا انتخابات کے پیشِ نظر گزشتہ ایک ہفتے کے دوران اب تک ریاست میں ایک لاکھ 84/ ہزار 841/رائے دہندگان نے انتخابی فہرست میں اپنے نام درج کروائے ہیں ۔ یہ اطلاع ریاست کے چیف الیکٹرول آفیسر ایس چوک لنگم نے ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس میں دی ۔ انھوں نے کہا کہ لوک سبھا حلقوں میں امیدواری درخواست داخل کرنے سے 10/ دن پہلے تک انتخابی فہرست میں نام درج کروائے جاسکتے ہیں ۔ انھوں نے شہریان سے ووٹرلسٹ میں نام درج کرانے ‘ لسٹ میں اپنے نام کی تصدیق کرنے اور ووٹ دینے کی اپیل کی ہے ۔

ریاست میں لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے اب تک 10 / امیدواروں نے اپنے پرچۂ نامزدگی داخل کیے ہیں۔ ناگپور میں 5 / رام ٹیک میں 1 / بھنڈارا گوندیا ' گڈچرولی۔چمور حلقوں میں 2 - 2 / افراد نے امیدواری عرض داخل کیں ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ ریاست میں اب تک 23 / کروڑ روپئے نقد ' 17 / لاکھ لیٹر شراب ' کم و بیش 700 / کلو منشیات 46 / کلو سونا ' چاندی اور ایک لاکھ سے زائد اشیا جو چُناؤ کے دوران مفت تقسیم کی جانے والی تھیں ضبط کر لی گئی ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ ضبط شدہ اشیاء سے متعلق تحقیقات جاری ہے اور جو جائز مال ہے وہ متعلقین کو واپس کر دیا جائے گا۔ چوک لنگم نے مزید بتایا کہ ریاست میں اب تک 308 / غیر قانونی ہتھیار ضبط کیے گئے ہیں جبکہ 45 / ہزار 755 / لائسنس یافتہ کی ضبط یا ضرورت کے مطابق استعمال کی اجازت دی گئی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ ریاست میں 77 / ہزار 148 / لائسنس یافتہ ہتھیار ہیں اور بقیہ ہتھیاروں کی جانچ کی جا رہی ہے۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی نے کل لوک سبھا انتخابات کے لیے 46 / امیدواروں کی مزید ایک فہرست جاری کی ہے جس میں رام ٹیک سے رشمی بروے ' ناگپور سے وکاس ٹھاکرے ' بھنڈارا۔گوندیا سے ڈاکٹر پرشانت پڑولے اور گڈچرولی۔چمور لوک سبھا حلقے سے ڈاکٹر نامدیو کرسن کی امیدواری کا اعلان کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

عام انتخابات میں اب کی بار 18 / تا 19 / برس عمر زمرے کے ایک کروڑ 80 / لاکھ نئے رائے دہندگان ووٹ دینے جا رہے ہیں۔ اِن رائے دہندگان کی ووٹ دینے کے حق کے استعمال کے لیے حوصلہ افزائی کی خاطر انتخابی کمیشن کی جانب سے I vote for Sure جیسے مختلف پروگرامس سوشل میڈیا پر چلائے جا رہے ہیں۔

***** ***** *****

شیوسینا کے سابق رکن پارلیمنٹ شیواجی راؤ آڈھلراؤ پاٹل آئندہ 26 / مارچ کو راشٹروادی کانگریس میں شامل ہونے جا رہے ہیں۔ کل ممبئی میں اجیت پوار سے ملاقات کے بعد انھوں نے اِس یقین کا اظہار کیا ہے کہ انہیں شرور لوک سبھا حلقے سے راشٹروادی کانگریس کی جانب سے امیدواری دی جائے گی۔ 2019ء میں ہوئے عام انتخابات میں شرد پوار گروپ کے امول کولہے نے انہیں 57 / ہزار ووٹوں سے شکست دی تھی۔

***** ***** *****

کولہاپور لوک سبھا حلقے سے مہا وِکاس آگھاڑی کی جانب سے چھتر پتی شاہو مہاراج انتخابی میدان میں ہیں۔ ونچت بہوجن آگھاڑی نے اُن کی حمایت کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پرکاش امبیڈکر نے کل ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس کے دوران یہ اعلان کیا۔ اِس موقعے پر امبیڈکر نے بتایا کہ آئندہ 26/ تاریخ کے بعد مہاوِکاس آگھاڑی سے متعلق وہ اپنا موقف عوام کے سامنے رکھیں گے۔ انھوں نے بتایا کہ مہاوِکاس آگھاڑی کی 3/ پارٹیوں کے درمیان 15/ نشستوں کو لے کر اب تک اتفاقِ رائے نہیں ہو پایا ہے۔ اِن نشستوں پر جب اِن پارٹیوں کی ایک رائے بن جائے گی تب وہ اپنا موقف ظاہر کریں گے۔

***** ***** *****

امراوتی لوک سبھا حلقے سے بی جے پی اپنا امیدوار کھڑا کرے گی اور امیدوار کے نام کا اعلان جلد ہی کیا جائے گا۔ بی جے پی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باون کُڑے نے کل یہ اطلاع دی۔ وہ کل ناگپور میں بول رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ رام ٹیک سے شیوسینا شندے گروپ کا امیدوار میدان میں اُترے گا۔ باون کُرے نے مزید بتایا کہ مہایوتی میں بقیہ نشستوں کی تقسیم کے مسئلے کو جلد حل کرلیا جائے گا۔

اِسی بیچ پرہار جن شکتی پارٹی کے رکن اسمبلی بچو کڑو نے کہا کہ امراوتی کی نشست پر ہمارا دعوی ہونا چاہیے تھے۔ وہ کل امراوتی میں صحافتی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ اِس حلقے سے اُن کے 2/ اراکین اسمبلی چُنے گئے ہیں اور حلقے میں انہیں کم از کم ایک لاکھ ووٹروں کی حمایت حاصل ہے۔

***** ***** *****

***** ***** ***** ***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

آزادی کی لڑائی میں اپنی جانیں قربان کرنے والے بھگت سنگھ، راج گرو اور سکھ دیو کی یاد میں کل شہید دن ملک بھر میں منایا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک ٹوئیٹ پیغام کے ذریعے اِن تینوں مجاہدوں کوخراج عقیدت پیش کیا ہے۔ گورنر رمیش بئیس ' وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے اور نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے بھی کل اِن شہیدوں کوخراج عقیدت پیش کیا۔

اِسی طرح چھترپتی سنبھاجی نگر میں کلکٹر دلیپ سوامی نے اپنے دفتر میں اِن شہیدوں کی تصاویر پر پھول نچھاور کر کے انہیں یاد کیا۔

***** ***** *****

بیڑ اور پربھنی سمیت ڈویژن کے تمام ضلع کلکٹر دفاتر میں بھگت سنگھ راج گرو اور سُکھ دیو کوکل شہید دن کے موقعے پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ دھاراشیو میں بھی اِس دن کی مناسبت سے کل شہیدوں کوسلامی دی گئی۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے پیاز کی برآمد پر غیر معینہ مدت تک کے لیے پابندی عائد کردی ہے۔ اِس سے متعلق سرکولر جاری کردیا گیا ہے۔ اِس سے قبل آئندہ 31/ مارچ تک پیاز کی برآمد پر پابندی عائد تھی۔

***** ***** *****

ہولی اور دھولی وندن تہوار کے لیے ہر جگہ بازار سج گئے ہیں۔ آج شام ہولیکا جلائی جائے گی اور دھولی وندن کا تہوار کل منایا جائے گا۔ ہولی کے تہوار کے لیے مقامی بازاروں میں گائے کے گوبر ' شکر کی گانٹھوں اور دیگر سامان کے علاوہ ہولی کھیلنے کے لیے مختلف رنگ اور چھڑکاؤ کے آلات فروخت کے لیے رکھے گئے ہیں۔

اِسی بیچ ان تہواروں کے پس منظر میں ماحولیات کی تنظیمیں درختوں کو نہ کاٹنے اور پانی کفایت شعاری سے استعمال کرنے کی اپیل کررہی ہیں۔ وہیں چھترپتی سنبھاجی نگر میں شاردا مندر گرلس اسکول کی طالبات نے دھولی وندن کے لیے خود رنگ تیار کیے ہیں۔ یہ رنگ چاول اور جوار کے آٹے کو پھلوں اور سبزیوں کے رنگوں سے ملا کر بنائے جاتے ہیں۔ یہ ماحول دوست اور محفوظ رنگ ہیں۔ اِن طلباء نے ہولی کے لیے صرف قدرتی طور پر خشک لکڑی استعمال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

اِسی طرح پربھنی کی وسنت راؤ نائک زرعی یونیورسٹی کے طلباء نے بھی دھولی وندن اور رنگ پنچمی کے لیے قدرتی رنگوں کی بڑی مقدار میں تیار اور فروخت کیا ہے۔شعبے کی سربراہ سویتا کالے نے بتایا کہ کمیونیٹی سائنس ڈپارٹمنٹ کی طالبات نے چقندر ' پالک ' ہلدی ' پلس کے پتوں اور نیل پاؤڈر سے یہ قدرتی رنگ تیار کیے ہیں۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں کل ایک تقریب کے دوران پرساد میڈیکل فاؤنڈیشن کی جانب سے انعامات کی تقسیم عمل میں آئی۔ پدم شری ڈاکٹر ابھئے بنگ کو ماتوشری پدمنی بائی بن سادھنا اعزاز سے نوازا گیا۔ پرساد بن وانگ مئے ایوارڈ ' ڈاکٹر انوراگ لولیکر کو اُن کی تحقیقی کتاب وسُندھرے چے شودھ یاترا کے لیے دیا گیا۔ ریاستی سطح کے بچوں کے ادب کا انعام اسٹیلین گونسالوس کو بچوں کی کہانیوں کے مجموعے انکل چاکُترا آنی اِترکتھا کے لیے دیا گیا۔ وہیں نین مئے تورولے نامی سفرنامے کی تصنیف کے لیے منگلا اسولیکر دیشپانڈے کو گرنتھ گروا ایوارڈ سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

لکشمی کانت دیشمکھ کو انتر بھارتی نامی شمارے کے لیے ریاستی سطح کے بہترین دیوالی شمارے کا ایوارڈ دیا گیا۔ وہیں کہانیوں کے مجموعے کاڑج وکنیا چی کوشٹ کے لیے اپا صاحب کھوت کی ریاستی سطح کے گرنتھ گروانعام دے کر عزت افزائی کی گئی۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے جنتور شہر میں کل پولس نے 10/لاکھ 58/ہزار روپیوں کی مالیت کا غیر قانونی گٹکا ضبط کرلیا۔ رات میں گشت کے دوران پولس نے ایک مشکوک چار پہیہ گاڑی کی تلاشی لی جس میں گٹکا لے جارہا تھا۔ پولس نے بتایا کہ متعلقہ ڈرائیور گاڑی چھوڑ کر فرار ہوگیا۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ عام انتخابات کے پیش نظر ریاست میں گزشتہ ہفتے بھر میں ایک لاکھ 84 / ہزار نئے رائے دہندگان کے ناموں کا اندراج ' ساتھ ہی 13 / ہزار سے زائد افراد پر پابندیاں عائد کرنے کی کارروائی

☆ ونچت بہوجن آگھاڑی کی جانب سے کولہاپور حلقے کے لیے چھترپتی شاہومہاراج کی حمایت کا اعلان ' آئندہ کا موقف 26 / تاریخ کے بعد واضح کرنے کا اعلان

☆ ہولی اور دھولی وندن تہوار کے لیے بازار سج گئے

اور

☆ ناندیڑ کے پرساد میڈیکل فاؤنڈیشن کے مختلف انعامات کی تقسیم

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔

☆☆☆